29-10-2024 TUESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

......وزیراعظم نریندر مودی نے آج ایمس بی بی نگر میں عملی طور پر صحت کی خدمات فراہم کرنے کے لئے ڈرون خدمات کا آغاز کیا ہے۔

......وزیراعلی تلنگانہ ریونت ریڈی نے موسی ندی کی بحالی کے منصوبے کا آج پھر اعادہ کیا۔انہوں نے کہا کہ پہلے فیس میں اکیس کلومیٹر کے علاقے کو ترقی دی جائے گی۔اور اندورن ایک مہینہ ڈیزائن تیار کیا جائے گا۔

......بی آر ایس نے کانگریس پر مبینہ طور پر عوام سے کئی گئی یقین دہانیوں کو پورا نہ کرنے کا الزام لگایا۔

......ریاستی سطح کے انڈر19 تیراندازی ٹورنمنٹ مقابلے کریم نگر میں شروع ہوئے۔ جب کہ ریاستی سطح کے تریالیسویں کھوکھو ٹورنمنٹ مقابلے محبوب نگر میں شروع ہوئے۔

AIIMS BIBI NAGAR

ایمس بی بی نگر میں آج وزیراعظم نریندر مودی نے ڈرون خدمات کا آغاز کیا۔آج ایمس بی بی نگر میں ہیلتھ آوٹ ریچ میں یوم آیورویدکے موقع پر وزیراعظم نے صحت سے متعلق کئے اہم اقدامات کا آغاز کیا۔ اور بارہ ہزار کروڑ روپئے سے زائد کے صحت سے متعلق مختلف پراجکٹس کا سنگ بنیاد رکھا۔ڈرونس کے ذریعہ ایمس 80 کلومیٹر کے فاصلے پر رہنے والے دوردراز علاقوں کے لوگوں کو طبی خدمات فراہم کرے گا۔وزیراعظم نے کہا کہ قوم کی ترقی اس وقت ہی آگے بڑھتی ہے جب قوم صحت مند ہوتی ہے۔انہوں نے کہا کہ مرکزی حکومت اسی ویژن کے ساتھ شہریوں کی فلاح و بہبودی کو ترجیح دیتے ہوئے صحت کی پالیسی کے پانچ ستون قائم کئے ہیں۔جس میں صحت کی دیکھ بھال۔ ہروقت تشخیص۔سستی ادویات اور علاج۔چھوٹے شہروں اور دیہاتوں میں مناسب صحت کی دیکھ بھال۔اور صحت کی دیکھ بھال کے شعبے میں ٹکنالوجی کی توسیع شامل ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ یہ خوشی کا موقع ہے کہ ایک سو پچاس سے زائد ممالک میں آج آیوروید ڈے منایا جارہا ہے۔

ADD AIIMS BIBI NAGAR

ایمس بی بی نگر کے ڈائریکٹر وکاس بھاٹیہ نے اس موقع پر بات کرتے ہوئے کہا کہ یہ ڈرون طبی خدمات صحت کے ضمن میں مریضوں کے ٹسٹ اور ٹی بی کے مریضوں کے لئے نمونوں کی جانچ میں کافی مددگار ثات ہوں گے۔انہوں نے کہا کہ یدادری بھونگیر ضلع میں بوملارام پی ایچ سی۔بولی پلی پی ایچ سی۔کو پائلٹ پراجکٹ کے طور پر منتخب کیا گیا ہے۔

MEDICAL SERVICES

آج پنبی منڈل ہیڈکوارٹر پر عادل آباد لوک سبھا کے رکن جی ناگیش نے پرائمری ہلیتھ سنٹر کی عمارت کا افتتاح انجام دیا۔ یہ عمارت 1.56 کروڑ روپئے کی لاگت سے تیار کی گئی ہے۔انہوں نے اس موقع پر کہا کہ حکومت دوردراز علاقوں میں لوگوں کو صحت کی معیاری

خدمات فراہم کرنے کے لئے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ نئی تشکیل شدہ پنچی منڈل کو تعلیم، صحت، اور ٹرانسپورٹ کے شعبوں میں مزید سہولیات فراہم کرتے ہوئے ترقی دی جائے۔

CM

وزیر اعلی تلنگانہ ریونت ریڈی نے اس بات کا اعادہ کیا کہ موسی ندی کی تجدید کاری پروگرام کو جلد شروع کیا جائے گا۔ خواہ اپوزیشن اس میں کتنی ہی روکاوٹ ڈالنے کی کوشش کرے۔ انہوں نے کہا کہ پہلے مرحلے کے تحت اکیس کلومیٹر علاقے کو ترقی دی جائے گی۔ جس میں گنڈی پیٹ۔ حمایت ساگر سے باپو گھاٹ تک کا علاقہ شامل ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ایک ماہ میں ڈیزائن تیار ہوجائے گا۔

ROZGAR MELA

روزگار میلے کے دسویں قسط کے حصے کے طور پر حیدرآباد میں ایک سو پچاس سے زیادہ نوجوانوں کو مختلف اداروں جیسے بھارت الکٹریکس لیمیڈ۔ محکمہ ڈاک۔ ودیگر کی جانب سے پیش کشی خطوط موصول ہوئے ہیں۔ مرکزی کوئلہ اور کانوں کے وزیر جی کشن ریڈی نے ملک گیر پروگرام کے ایک حصے کے طور پر حیدرآباد میں منعقدہ ایک پروگرام میں امیدواروں کو آفر لیٹرس حوالے کئے۔ پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو آنے والے دنوں میں 2047 تک ملک کو ترقی یافتہ بنانے میں اہم کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے ملک میں بہتر سرمایہ کاری کی راہ ہموار کرنے والے مرکز کے مختلف اقدامات کا تذکرہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ مرکز کی زیرو ٹالیرنس پالیسی کی وجہ سے دہشت گردانہ واقعات میں بھی کمی آئی ہے۔ جس کی وجہ سے سرمایہ کاری کو مواقع حاصل ہورہے ہیں۔ اس موقع پر انہوں نے مختلف محکموں۔ تنظیموں اور اداروں کے ملازمین سے کہا کہ وہ فرسٹ نیشن کے نعرے کے ساتھ سخت محنت کرتے ہوئے آگے بڑھیں۔

sound byte kishan reddy

اس موقع پر کئی نوجوانوں نے جنہیں آفر لیٹرس موصول ہوئے ہیں خوشی کا اظہار کیا۔

اس موقع پر ضلع جگتیال سے تعلق رکھنے والے کوثر نے ملازمت کے حصول پر خوشی کا اظہار کیا۔

Sound byte urdu kausar

INDIRA MAHILA DAIRY

نائب وزیر اعلی تلنگانہ بھٹی وکرمارکا نے آج کہا کہ حکومت اس بات کو یقینی بنانے کے لئے تمام کوششیں کررہی ہے کہ عوامی ضروریات میں کوئی کمی نہ ہو۔ مدھیرا میں انڈیا مہیلا ڈیری کے لوگوں کو لانچ کرنے کے بعد بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کھیتی باڑی کے علاوہ اضافی آمدنی سے خاندانوں کو معاشی طور پر مدد ملے گی۔ ڈیری کی تمام سرگرمیاں جیسے دودھ کی خریداری۔ پیاکنگ اور بائی پروڈاکٹس کی تیاری کا انتظام خواتین ہی کریں گی۔

KOTHAGUDEM WOMEN GROP

پینا پاکا کے رکن قانون ساز وینکٹشورلو نے آج منوگور میں ڈیڑھ کروڑ روپئے کے چیکس سیلف ہیلپ گروپس خواتین کے حوالے کئے۔

انہوں نے مقامی سرکاری ہاسپٹل میں اندراماں سری شکتی کینٹن کا افتتاح انجام دیا اور ایک ٹیلرنگ سنٹر کا بھی افتتاح انجام دیا۔

BRS

بی آر ایس نے آج الزام لگایا کہ کانگریس حکومت نے انتخابات سے قبل ورنگل ڈیکلریشن میں کئے گئے وعدوں کو پورا نہیں کیا ہے۔ پارٹی کے سینئر لیڈروں نے الزام لگایا کہ کانگریس قائدین نے صرف سیاسی کھیل کی خاطر اپوزیشن قائدین کو نشانہ بنایا۔ ونپرتی میں منعقدہ کسانوں کے احتجاج سے مخاطب کرتے ہوئے بی آر ایس قائد ہریش راو نے کہا کہ بی آر ایس قائدین پر غیر ضروری مقدمات درج کرنے کے باوجود عوام مسائل پر بات کرنے سے اور لڑنے سے ہم پیچھے نہیں ہٹیں گے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت سے کانگریس کے منشور میں دی گئی یقین دہانیوں پر عمل درآمد کرنے کے لئے توجہ دلانے پر بی آر ایس قائدین پر الٹا مقدمے درج کئے جارہے ہیں۔ بی آر ایس کے ایک اور قائد کے ٹی آر نے بھی کانگریس پر تنقید کی کہ ٹکنالوجی کی مدد سے بی آر ایس قائدین کو نشانہ بنایا جارہا ہے۔

CPI

سی پی آئی کے قومی سکریٹری ڈاکٹر کے نارائنا نے آج مرکز پر زور دیا کہ وہ فلائٹ چارجس پر کنٹرول کریں۔ اور علاقائی کرایوں کا فیصلہ کرنے کے لئے ایک قانونی ریگولیٹری اتھاریٹی قائم کریں۔ اس ضمن میں انہوں نے مرکزی شہری ہوابازی کی وزارت کو بھی مکتوب روانہ کیا ہے۔

BJP SARDAR VALLABHAI PATEL

سردار ولبھ بھائی پٹیل کے 150 ویں یوم پیدائش کی تقاریبات آج سے ریاست میں شروع ہوئیں۔ جو آئندہ ایک سال تک جاری رہیں گی۔ مرکزی وزیر کوئلہ جی کشن ریڈی نے حیدرآباد کے گن پارک کے سامنے واقع سردار پٹیل کے مجسمے پر گلہائے عقیدت پیش کئے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تلنگانہ کی عوام سردار پٹیل کو ہمیشہ یاد رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ بی جے پی پورے سال میں سردار پٹیل کی ایک سو پچاسویں یوم پیدائش منائے گی۔

CASTE SURVEY

مختلف اضلاع میں حکام لوگوں کے سماجی۔ تعلیمی۔ سیاسی۔ حالات کا جائزہ لینے کے لئے کاسٹ سروے کے لئے انتظامات کررہے ہیں۔ وقارآباد کے انچارج کلکٹر سیکتا پٹنائک نے آج ضلعی عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ مجوزہ ذات پات کے سروے کیلئے فول پروف انتظامات کریں۔ ان انتظامات کا جائزہ لیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نچلی سطح تک کسی بھی غلط سے مبراہ منصوبہ بنایا جائے۔ پداپلی کے ضلع کلکٹر کے سری ہرش نے ضلعی افسران سے کہا کہ وہ ہر ایک سو پچاس خاندانوں پر ایک شمار کنندہ کی خدمات حاصل کریں۔

TEXTILES

ریاستی وزیر ہینڈ لوم وٹکسٹائل تملا ناگیشور راو نے آج تمام فلاحی محکموں کے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ اپنے محکموں کو درکار کپڑا صرف ٹیسکو کے ذریعہ ہی خریدیں۔ حیدرآباد میں فلاحی محکموں اور مختلف کارپوریٹس کے عہدیداروں کے ساتھ جازہ لیتے ہوئے وزیر موصوف نے

کہا کہ مختلف محکموں اور کارپوریٹس کے عہدیدار صرف اسی وقت باہر سے کپڑا خرید سکتے ہیں جب ٹیسکو عدم دستیابی کا سرٹیفکٹ جاری کرے۔ انہوں نے کہا کہ جی او۔ ون۔ کی پیروی کی جائے تاکہ ہینڈلومس والوں کو روزگار فراہم ہوسکے۔ اس موقع پر انہوں نے عہدیداروں کو اس بات کی بھی ہدایت دی کہ وہ اسکول یونیفارم کا ایک ہی ڈیزائن کم از کم پانچ سال تک برقرار رکھیں۔

PURCHASING CENTRES

سنگاریڈی ضلع کلکٹر وی کرانتی نے آج ریونیو اور مارکٹنگ اور عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ ضلع میں بڑی تعداد میں کپاس کی خریداری کے مراکز کھولیں۔ کلکٹر نے اس بات کی بھی ہدایت دی کہ وہ خریدے گئے مواد کو جلد از جلد سی سی آئی منتقل کریں۔ واضح رہے کہ ضلع میں 3.5 لاکھ ایکر پر کپاس کی کاشت کی گئی ہے۔

FOOD SAFETY KAKATIYA MEDICAL

ورنگل ضلع میں فوڈ سیفٹی عہدیداروں نے آج کاکتیہ میڈیکل کالج اور اسپتالوں کو میس اور کینٹینوں میں خراب حالات کے لئے نوٹس جاری کیا۔ ڈسٹرکٹ فوڈ سیفٹی آفیسر کرشنا مورتی اور دیگر نے جانچ کے لئے کھانے کے نمونے بھی لیاب ٹسٹ کو روانہ کئے۔ انہوں نے دواخانے کے حکام اور انتظامیہ کو متنبہ کیا کہ وہ کھانے پینے کی جگہوں پر صاف صفائی کو یقینی بنائیں۔

AIR

آکاشوانی حیدرآباد جمعرات کو نارکا۔ چتوردسی۔ دیپاولی کے موقع پر خصوصی پروگرام نداسورم پیش کرے گا۔ یہ خصوصی پروگرام اس ماہ کی اکتیس تاریخ کو صبح آٹھ بج کر اڑتالیس منٹ پر نشر کیا جائے گا۔

TGPSC

تلنگانہ پبلک سرویس کمیشن نے محکمہ جاتی امتحانات کے لئے آن لائن درخواستوں کی آخری تاریخ میں توسیع کی ہے۔ ٹی جی پی ایس سی نوٹیفکشن کے مطابق امیدوار اب اس ماہ کی اکتیس تاریخ تک درخواست دے سکتے ہیں۔ محکمہ جاتی ٹسٹ امتحانات کمپیوٹر پر مبنی ٹسٹنگ طریقہ کار کے ساتھ آن لائن منعقد ہوں گے۔

ARCHERY

کریم نگر ضلع کے کوتہ پلی میں ریاستی سطح کے انڈر 19۔ تیر اندازی ٹورنمنٹ شروع ہوچکے ہیں۔ شاتہاواہن اربن ڈیولپمنٹ اتھاریٹی کے چیرمین کومٹی ریڈی نریندر ریڈی نے تقریب کا افتتاح کیا۔ اور طلبا سے کہا کہ وہ کھیلوں میں مہارت حاصل کریں۔

ADD ARCHERY

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت کھیلوں کو ترجیح دے رہی ہے اور قومی اور بین الاقوامی سطح پر طلبا کی حوصلہ افزائی کی جارہی ہے۔ اس موقع پر تریالیسویں ریاستی سطح کے جونیئر۔ کھوکھو۔ چمپئین شپ کا محبوب نگر کے رکن اسمبلی یمن سرینواس ریڈی نے افتتاح انجام دیا۔٭